کل نمبر:25 — **اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر1** — **وقت:25 منٹ**

چھٹا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** **دھرائی ٹیسٹ** (دوسرا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(12)**

1۔ ''جسامت'' کا معنی ہے:

(الف)	کسی چیز کا پھیلاؤ	(ب)	حجم	(ج)	کسی چیز کا سکڑنا	(د)	ا،ب دونوں

2۔ پرنسپل صاحب نے سکول میں افتتاح کیا:

(الف)	لیبارٹری کا	(ب)	لائبریری کا	(ج)	نمائش کا	(د)	میلے کا

3۔ ستارے اپنی جگہ پر رہتے ہیں:

(الف)	خوش	(ب)	اُداس	(ج)	گرم	(د)	ساکن

4۔ ایسا فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا یا سہنا گزرے ہوئے زمانے میں پایا جائے، کہلاتا ہے:

(الف)	فعل حال	(ب)	فعل مستقبل	(ج)	فعل ماضی	(د)	فعل مضارع

5۔ زمین کا تین چوتھائی حصہ مشتمل ہے:

(الف)	پہاڑوں پر	(ب)	میدانوں پر	(ج)	جنگلوں پر	(د)	پانی پر

6۔ ''بچے بارش میں.......... ہیں۔'' مناسب لفظ سے جملہ مکمل کریں۔

(الف)	نہاتا	(ب)	نہاؤ	(ج)	نہاتے	(د)	نہائی

7۔ ''ت۔ع۔ب۔ی۔ر'' حروف سے بننے والا لفظ ہے:

(الف)	تعمیر	(ب)	تکمیل	(ج)	تعبیر	(د)	تشکیل

8۔ زمین کی گردش کے مطابق مکمل ہونے والے سال کو کہتے ہیں:

(الف)	شمسی سال	(ب)	قمری سال	(ج)	ہجری سال	(د)	عربی سال

9۔ اللہ تعالیٰ نے ہر جان دار کو.......... سے بنایا۔

(الف)	مٹی	(ب)	پانی	(ج)	خون	(د)	آگ

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 11،10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

سورج نظامِ شمسی کا مرکز ہے جو روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا قدرتی ذریعہ ہے۔ فصلوں اور پودوں کی نشو ونما اسی کی روشنی اور حرارت کی بدولت ہوتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سورج صرف صبح کو چمکتا ہے اور رات ہوتے ہی کہیں آرام کرنے چلا جاتا ہے، مگر دوستو! ایسا نہیں ہے۔ یہ کہیں نہیں جاتا بلکہ ہماری زمین گردش کرتے ہوئے اس کے گرد چکر لگاتی رہتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ زمین کا جو حصّہ سورج کے سامنے ہوتا ہے وہاں سورج کی روشنی کی وجہ سے دن ہوتا ہے۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	بے مثل ہے نظام تیرا	(ب)	اے وطن! تو سلامت رہے
(ج)	دُنیا آپ کی مٹھی میں	(د)	میری پہچان ہے تو

11۔ نظامِ شمسی کا مرکز ہے:

(الف)	زہرہ	(ب)	زمین	(ج)	یورینس	(د)	سورج

12۔ زمین کا جو حصہ سورج کے سامنے ہوتا ہے وہاں ہوتا ہے:

(الف)	دن	(ب)	اندھیرا	(ج)	ویرانہ	(د)	خوف

حصہ دوم **(13)**

سوال نمبر1: دن اور رات میں سے آپ کا پسندیدہ وقت کون سا ہے اور کیوں؟ چند جملے لکھیں۔ **(7)**

حصہ سوم

سوال نمبر1: چھٹیاں گاؤں میں گزارنے کے لیے دوست کے نام خط لکھیں۔ **(6)**

یا

سوال نمبر2: پرنسپل کے نام دوبارہ داخلے کے لیے درخواست لکھیں۔